36897-کیا احرام کی حالت میں کنگھی کرنا جائز ہے ؟

سوال

کیا احرام والے شخص کے لیے کنگھی کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے :

احرام والے شخص کے لائق نہیں کہ وہ کنگھی کرے بلکہ محرم کے لائق تو یہ ہے کہ اس کے بال بکھرے اور پراگندے ہوں ، اور بال دوھونے میں کوئی حرج نہیں ، لیکن کنگھی کرنا تو بالوں کو گرانے کا باعث ہے ، اور اگر احرام کی حالت میں بغیر کسی قصد وارادہ کے سر کو کھجلانے وغیرہ سے بال گر جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ، کیونکہ اس نے عمدا ایسا نہیں کیا ۔

اور یہ علم میں رکھنا چاہیے کہ احرام کی مکمل ممنوعات کے ارتکاب میں انسان کا ارادہ وقصد شامل نہ ہو اور اسے جان بوجھ کر نہ کیا جائے بلکہ غلطی اور بھول کر کوئی ممنوعہ کام ہو جائے تو اس پر کوئی حرج نہیں ، کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی نے اپنی کتاب کریم میں فرمایا ہے :

{اور تم سے بھول چوک میں جو کچھ ہو جائے اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں ، البتہ گناہ وہ ہے جو تمہارے دل قصدا اور جان بوجھ کر کریں ، اور اللہ تعالی بڑا ہی بخشنے والا اور مہربان ہے } الاحزاب (5) ۔

اور ایک مقام پر اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

{اے ہمارے رب اگر ہم سے بھول ہو جائے یا ہم غلطی کر لیں تو ہمارا مؤاخذہ نہ کرنا } البقرۃ (286) تو اللہ تعالی نے فرمایا میں نے ایسا کر دیا ۔ اھ ۔